# شیل پاکستان لمیٹڈ

## غیر-معمولی اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ شیل پاکستان لمیٹڈ ('کمپنی') کا غیر معمولی اجلاس عام (EOGM) بروز منگل، 29 اکتوبر 2024ء صبح 10:30 بجے، وڈیو کانفرنسگ کی سہولت کے ذریعے (virtually)، درج ذیل اُمور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا:

1۔ کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کرنے اوراس مقصد کے لیے مندرجہ ذیل قرارداد کو خصوصی قرارداد کے طور پر منظور کرنے پرغور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو:

قرار پایا کہ خصوصی قرارداد کے ذریعے کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں درج ذیل ترمیم کی جائے اور یہ ترمیم یہاں کی جاتی ہے:

(a) آرٹیکل 1 (ابتدائیہ) میں ''شیل'' کی تعریف کو حذف کر کے اور مندرجہ ذیل نئی تعریف شامل کر کے:

'''بڑے حصص یافتہ' سے مراد وہ رُکن ہے جس کے پاس کمپنی کے کم از کم تین چوتھائی حصص ہوں۔''

(b) آرٹیکل 41 (کورم) میں لفظ ''شیل'' کو حذف کر کے اور اُس کی جگہ ''بڑے حصص یافتہ'' کے الفاظ شامل کرنا۔

(c) آرٹیکل 88 (ڈائریکٹرز کی کارروائی) میں لفظ ''شیل'' کو حذف کر کے اور اس کی جگہ ''بڑے شیئر ہولڈر'' کے الفاظ شامل کرنا۔

(d) آرٹیکل 91 (ڈائریکٹرز کی کارروائی) میں جہاں کہیں بھی لفظ ''شیل'' درج ہے اُسے حذف کر دیا جاتا ہے اور اُس کی جگہ ''بڑے حصص یافتہ'' کے الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت مطلوبہ ٹھوس حقائق کا بیان اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

بحکم بورڈ

لالہ رُخ حسین-شیخ
سیکریٹری

کراچی:
26 اگست 2024ء

**نوٹس:**

(i) ارکان کا رجسٹر منگل، 22 اکتوبر 2024ء سے منگل، 29 اکتوبر، 2024ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہے گا۔ سوموار، 21 اکتوبر، 2024ء کو کاروباری دن کے اختتام تک (شام 5.00 بجے) ہمارے شیئر رجسٹرار، فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیوٹ) لمیٹڈ، 8-ایف نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شارع فیصل، کراچی - 75400 کے دفتر میں موصول ہونے والی ٹرانسفرز کی درخواستوں کو اجلاس میں شرکت اور ووٹنگ کے لیے بروقت سمجھا جائیگا۔

(ii) ارکان ذاتی طور پر یا کمپنی کے ذریعہ فراہم کردہ وڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعہ شرکت کرسکتے ہیں۔ وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لیے ارکان کو اپنا نام، فولیو نمبر، ای میل کا درست پتا اور اپنے نام پر درج حصص کی تعداد کو بذریعہ SHELLPK-CompanySec@shell.com پر ای میل کے ذریعے فراہم کرنا ہوگا۔ ای میل کی سبجیکٹ لائن میں ''Registration for SPL's EOGM'' ضرور درج کریں۔

(iii) اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا/کی حق دار رُکن کسی دوسرے شخص کو اپنے نمائندہ (proxy) کے طور پر مقرر کرنے کا حق دار ہوگا/گی جو ذاتی طور پر یا وڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرے گا/گی۔ نمائندے اجلاس میں رائے شماری کا مطالبہ کرسکتے ہیں، بول سکتے ہیں اور ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ کسی نمائندے کے ذاتی طور پر یا وڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنے کے لیے، نمائندگی کا فارم (proxy form) کو اجلاس سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں موصول ہونا ضروری ہے۔

نمائندے کو حصص یافتہ کے دستخط شدہ نمائندگی فارم کی اسکین شدہ نقل کے ہمراہ نمائندے کے ای میل پتے اور متعلقہ تفصیلات (جیسا کہ ذیل میں دیا گیا ہے) کے ساتھ ای میل کر کے بھی مقرر کیا جاسکتا SHELLPK-CompanySec@shell.com ۔

نمائندے کے لیے کمپنی کا رکن ہونا ضروری نہیں ہے۔

(iv) نمائندگی کا فارم (proxy form) ارکان کو بھیجے گئے اجلاس کے نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

(v) وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لیے تصدیقی ای میلز - لاگ اِن اسناد (credentials) کے ساتھ - صرف اُن ارکان/نمائندوں کو بھیجیں جائیں گیں جن کی ای میلز 27 اکتوبر، 2024ء کو کاروباری دن کے اختتام (شام 5:00 بجے) تک یا اُس سے پہلے دیئے گئے ای میل پتے پر موصول ہوجائیں گیں۔ حصص یافتگان غیر معمولی اجلاس عام کے ایجنڈا آئٹمز کے طور پر اپنے تبصرے اور سوالات بھی SHELLPK-CompanySec@shell.com پر ارسال کرسکتے

(vi) مطبوعہ حصص (physical shares) رکھنے والے ارکان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار، فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-ایف، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شارع فیصل، کراچی-75400 کو فراہم کردیں۔

(vii) ارکان یا اُن کے نمائندوں کو اپنی شناخت کی تصدیق کیلئے غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، شریک (Participant's) کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور اکاؤنٹ نمبر(وں) یا فولیو نمبر کے ساتھ پیش کرنا ضروری ہے۔

(viii) کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق ارکان کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی جو مذکورہ بالا ضوابط کی ضروریات اور طریقہ کار کے مطابق ڈاک کے ذریعے یا کسی بھی الیکٹرانک طریقے سے ووٹنگ ہے۔ اس کی تفصیلات بعد میں فراہم کی جائیں گی۔

(ix) مطبوعہ حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لیے حصص یافتگان کو خصوصی نوٹس کمپنیز ایکٹ 2017 کے شق 72 اور ایس ای سی پی کے خط نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مؤرخہ 26 مارچ، 2021، لسٹڈ کمپنیوں کو اُن کے ذریعہ جاری کردہ موجودہ مطبوعہ حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ مندرجہ بالا ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے، مطبوعہ فولیو/شیئر سرٹیفکیٹ رکھنے والی کمپنی کے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے حصص کو مطبوعہ حالت سے بک انٹری فارم میں تبدیل کروالیں۔ مطبوعہ حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے سے حصص یافتگان کو کئی طریقوں سے سہولت ملے گی، یعنی حصص کی محفوظ تحویل، حصص کی فوری فروخت اور خریداری کے لیے آسانی سے دستیاب مارکیٹ، نقصان اور نقصان کے خطرے کا خاتمہ، مطبوعہ حصص کے مقابلے میں کم رسمی کارروائیوں کے ساتھ آسان اور محفوظ منتقلی۔ کمپنی کے حصص یافتگان مطبوعہ حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے میں مدد کے لیے شیئر رجسٹرار، فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیوٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

### ٹھوس حقائق کا بیان جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت ضروری ہے

ایجنڈا آئٹم - کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں ترامیم

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سفارش کی ہے کہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کو اس طرح تبدیل کیا جائے جس طرح غیر معمولی اجلاس عام بلانے والے نوٹس میں درج خصوصی قرارداد میں بیان کیا گیا ہے۔

مورخہ 31 اکتوبر، 2023 اور 5 اپریل، 2024 کو، وافی انرجی ہولڈنگ لمیٹڈ نے کمپنی کے 77.42 فیصد حصص حاصل کرنے کے اپنے ارادے کا اعلان عام کیا تھا جس کے بعد مؤرخہ 27 جولائی، 2024 کو، وافی انرجی ہولڈنگ لمیٹڈ نے کمپنی کے 11.29 فیصد حصص حاصل کرنے کی پیش کش کا اعلان عام کیا۔

مذکورہ بالا حصول کی تیاری کے لیے یہ تجویز پیش کی گئی ہے کہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کی جائے اور اس مقصد کے لیے کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام کو بلانے کے نوٹس میں بیان کردہ قرارداد کو خصوصی قرارداد کے طور پر منظور کیا جائے۔

بورڈ اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ مجوزہ تبدیلیاں قانون اور ریگولیٹری فریم ورک کی قابل اطلاق شقوں کے مطابق ہیں جو اُن کے علم اور وثوق کے مطابق ہیں۔

کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی موجودہ اور مجوزہ تبدیل شدہ شقیں درج ذیل ہیں:

| موجود آرٹیکل نمبر 1، آئٹم نمبر 2 | آرٹیکل نمبر 1، آئٹم نمبر 2 میں مجوزہ ترمیم |
|---|---|
| ''شیل'' کا مفہوم ہے اور اس میں رائل ڈچ شیل پی ایل سی اور کوئی بھی کمپنی شامل ہے جس پر رائل ڈچ شیل پی ایل سی کا براہ راست یا بالواسطہ کنٹرول ہے۔ | ''بڑے حصص یافتہ'' سے مراد وہ رُکن ہے جو کمپنی کے کم از کم تین چوتھائی حصص رکھتا ہو۔ |

| موجودہ آرٹیکل 41 | آرٹیکل 41 میں مجوزہ ترمیم |
|---|---|
| 41۔ کسی بھی عام اجلاس میں اس وقت تک کوئی بھی معاملہ سرانجام نہیں دیا جائے گا جب تک کہ اجلاس کی کارروائی شروع ہونے کے وقت کورم موجود نہ ہو۔ اس کے علاوہ، بشرطیکہ، دس افراد ذاتی طور پر یا وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں موجود ارکان کی حیثیت سے یا ارکان کے نمائندہ کی حیثیت سے موجود ہوں اور کمپنی کی ووٹنگ پاور کی اکثریت کی نمائندگی کریں بشرطیکہ ایسے افراد میں سے کم از کم تین کمپنی کے ارکان ہوں۔ اور مزید کہا کہ کسی بھی اجلاس میں کوئی کورم اُس وقت تک موجود نہیں سمجھا جائے گا جب تک شیل اپنے نمائندے، ایجنٹ یا پراکسی کے ذریعہ موجود نہ ہو۔ | 41۔ کسی بھی عام اجلاس میں اس وقت تک کوئی بھی معاملہ سرانجام نہیں دیا جائے گا جب تک کہ اجلاس کی کارروائی شروع ہونے کے وقت کورم موجود نہ ہو۔ اس کے علاوہ، بشرطیکہ، دس افراد ذاتی طور پر یا وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں موجود ارکان یا نمائندہ ہوں اور کمپنی کے ووٹنگ پاور کی اکثریت کی نمائندگی کرتے ہوں بشرطیکہ ایسے افراد میں سے کم از کم تین کمپنی کے ارکان ہوں۔ اور مزید یہ کہ کسی بھی اجلاس عام میں کوئی کورم موجود نہیں سمجھا جائے گا جب تک کہ بڑا حصص یافتہ، اپنے نمائندے، یا ایجنٹ یا پراکسی کے ذریعہ موجود نہ ہو۔ |

| موجودہ آرٹیکل 88 | آرٹیکل 88 میں مجوزہ ترمیم |
|---|---|
| 88۔ ڈائریکٹرز کے اُمور کی انجام دہی کے لیے ضروری کورم پانچ ڈائریکٹرز ہوں گے جن میں سے کم از کم دو شیل کے مفادات کی نمائندگی کرنے والے ڈائریکٹرز ہوں گے۔ ایک متبادل ڈائریکٹر جس کی تقرری مؤثر ہو، اسے کورم میں شمار کیا جائے گا۔ | 88۔ ڈائریکٹرز کے امور کی انجام دہی کیلئے ضروری کورم پانچ ڈائریکٹرز ہوں گے جن میں سے کم از کم دو بڑے حصص یافتگان کے مفادات کی نمائندگی کرنے والے ڈائریکٹرز ہوں گے۔ ایک متبادل ڈائریکٹر جس کی تقرری مؤثر ہو، اسے کورم میں شمار کیا جائے گا۔ |

| موجودہ آرٹیکل 91 | آرٹیکل 91 میں مجوزہ ترمیم |
|---|---|
| 91۔ ڈائریکٹرز وقتاً فوقتاً شیل کے مفادات کی نمائندگی کرنے والے ڈائریکٹرز میں سے کسی ایک کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین کے طور پر منتخب کریں گے اور اس مدت کے لیے اس کے معاوضے کا تعین کرسکتے ہیں جس مدت کے لیے وہ عہدے پر فائز رہتا ہے۔ چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز کے تمام اجلاسوں کی صدارت کرے گا لیکن اگر کسی اجلاس میں چیئرمین مقررہ وقت کے بعد پندرہ منٹ کے اندر موجود نہ ہو تو، اجلاس کا چیئرمین بننے کے لیے موجود ڈائریکٹرز شیل کے مفادات کی نمائندگی کرنے والے ڈائریکٹر ہونے کے ناطے خود میں سے کسی ایک کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ | 91۔ ڈائریکٹرز وقتاً فوقتاً بڑے حصص یافتہ کے مفادات کی نمائندگی کرنے والے ڈائریکٹرز میں سے کسی ایک کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین کے طور پر منتخب کریں گے اور اس مدت کے لیے اس کے معاوضے کا تعین کرسکتے ہیں جس مدت کیلیے وہ عہدہ پر فائز رہے گا۔ چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز کے تمام اجلاسوں کی صدارت کرے گا لیکن اگر کسی اجلاس میں چیئرمین مقررہ وقت کے بعد پندرہ منٹ کے اندر موجود نہ ہو تو، موجود ڈائریکٹرز اجلاس کا چیئرمین بننے کے لیے بڑے حصص یافتہ کے مفادات کی نمائندگی کرنے والے ڈائریکٹر ہونے کے ناطے خود میں سے کسی ایک کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ |

### نمائندگی کا فارم / پراکسی کا فارم

میں/ہم ________ ضلع کا/کی باشندہ ہوں/ باشندے ہیں اور شیل پاکستان لمیٹڈ کا/کی/رکن ہوں/ کے ارکان ہیں اور حصص کے رجسٹر فولیو نمبر ________ اور/یا سی ڈی سی پارٹیسپینٹ آئی ڈی نمبر ________ اور ذیلی کھاتہ نمبر ________ نمائندگی/ پراکسی کے اس فارم کے ذریعے ________ ضلع کے ________ کو پرل کانٹینٹل ہوٹل، کراچی میں مؤرخہ 29 اکتوبر، 2024ء کی صبح 10.30 بجے منعقد ہونے والے شیل پاکستان لمیٹڈ کے سالانہ اجلاس عام میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے ورچوئلی شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے ________ کو اپنا نمائندہ/ پراکسی مقرر کرتا /کرتی ہوں/کرتے ہیں اور اُن کی عدم دستیابی کی صورت میں ________ کو اپنا نمائندہ/ پراکسی مقرر کرتا/کرتی ہوں/کرتے ہیں۔

________ کے اس ________ دن دستخط کیے گئے۔

**گواہان:**

1۔ ________ (دستخط) دستخط/ دستخطوں کو کمپنی کے پاس رجسٹرڈ دستخط/ دستخطوں کے مطابق ہونا چاہیے
نام: ________
پتا: ________
کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر ________ یا
پاسپورٹ نمبر ________

2۔ ________ (دستخط) دستخط/ دستخطوں کو کمپنی کے پاس رجسٹرڈ دستخط/ دستخطوں کے مطابق ہونا چاہیے
نام: ________
پتا: ________
کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر ________ یا
پاسپورٹ نمبر ________

**نوٹس:**

1۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھنے والا رکن کسی دوسرے شخص کو اپنا نمائندہ/ پراکسی کے طور پر مقرر کرسکتا/ سکتی ہے جو اس کے بجائے رائے شماری کا مطالبہ کرے، بات کرے اور ووٹ دے، اور اس طرح مقرر کردہ نمائندہ/ پراکسی کو بھی ویسے ہی حقوق حاصل ہوں گے جو اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے کسی رکن کو دستیاب ہیں۔ نمائندہ کی تقرری کی دستاویز/ پراکسیز کو SHELLPK-CompanySec@shell.com کے ای میل کے پتے پر اور متعلقہ تفصیلات کے ساتھ (جیسا کہ نوٹس میں ذکر کیا گیا ہے) نمائندہ/ پراکسی کے ذریعہ یا دستخط شدہ خط کی اسکین کی گئی کاپی ای میل کر کے بھی مقرر کیا جاسکتا ہے۔

2۔ نمائندگی/ پراکسیز کو مؤثر ہونے کے لیے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس سے 48 گھنٹے پہلے موصول ہوجانا چاہیے۔

3۔ نمائندہ/ پراکسی کے لیے کمپنی کا رکن ہونا ضروری نہیں۔

4۔ حصص یافتگان اور ان کے نمائندوں/ پراکسیز کو نمائندگی/ پراکسی کے اس فارم کے ساتھ اپنے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی منسلک کرنا ہوگی۔

**شیل ہاؤس**
**6، چوہدری خلیق الزماں روڈ،**
**کراچی-75530**